Misconception: Islam promotes racism

غلط فہمی: اسلام نسلی امتیاز کو فروغ دیتا ہے .

(برائے مہربانی یہ غلط فہمی بھی ملاحظ فرمائیں کہ " مسلمان " ' ہونا ضروری ہے' یا آپ جہنم میں جائیں گے۔)

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اسلام نسل پرستی کو فروغ دیتا ہے کیونکہ یہ عربی زبان جیسی چیزوں یا عربی روایات کو فروغ دینے کے لحاظ سے عرب کی حمایت کرتا ہے ۔ اس کےعلاوہ، بعض لوگ سوچتے ہیں کہ گروہوں کی وجہ سے جیسے کہ اسلام کی قوم سیاہ فام حمایتی اور سفید فام کے مخالف ہیں ۔

قرآن واضح الفاظ میں یہ بیان کرتا ہے کہ لوگوں کے درمیان سب سے اہم فرق اس بنیاد پر کیا جا سکتا ہے ، کہ کون سب سے زیادہ متقی ہے :

"ائے لوگوں، ہم نے تمھیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا، اور تمھیں شاخیں اور قبیلے کیا، کہ آپس میں پہچان رکھو۔ بےشک، اللہ کے یہاں تم میں زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہے۔ بےشک اللہ جاننے والا، خبردار ہے۔" [49 : 13]

"اور اس کی نشانیوں سے ہے آسمانوں اور زمین کی پیدائش، اور تمھاری زبانوں اور رنگتوں کا اختلاف ۔ بےشک اس میں نشانیاں ہیں جاننے والوں کے لیے۔" [30 : 22]

اس بات پر غور کرنا چاہیے کہ قرآن میں ہر جگہ ،" اس کی (یعنی کہ خدا کی) نشانیوں " کو مثبت انداز میں بیان کیا گیا ہے اور جو ہمیں خدا کے بارئے میں یاد دہانی کروانے کے لیے کام کرتے ہیں ، اور ان لوگوں کا ارادہ ظاہر کرنے کے لیے جو سوچتے \ غوروفکر کرتے ہیں۔

اور آخر میں، قرآن نے دیگر دوسرئے لوگوں کی طرح عربوں کی تصویر کشی کی ہے ، کچھ اچھے اور کچھ برئے [9 : 90 ، 9 :97 ، 9 : 98 ، 9 : 99 ، 9 : 101 ، 9 : 120 ، 33 : 20 ، 48 : 11 ، 48 : 16 ، 49 : 14] ۔

عربی کو فروغ دینے کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اصلی قرآن عربی زبان میں ہے ، پس عربی کے بارئے میں علم ہونا مدد گار ثابت ہو گا اس لیے اسکو اکثر فروغ دیا جاتا ہے۔